روزنامہ ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 29

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

سوموار 17 مارچ 2003ء 13 محرم 1424 ہجری 17 امان 1382 ہش جلد 53-88 نمبر 58

## بے تکلف زندگی

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ اپنی جوتی خود مرمت کر لیتے تھے اور اپنا کپڑا سی لیتے تھے۔ اور ان کو پیوند لگا لیتے ان کو دھو لیتے۔ آپ بکری کا دودھ دوھتے اونٹ باندھتے' آٹا گوندھتے نیز ڈول مرمت کر لیتے۔ خادم اگر آٹا پیستے ہوئے تھک جاتا تو اس کی مدد کرتے اور بازار سے گھر کا سامان خرید اور اٹھا کر لانے میں شرم محسوس نہیں کرتے تھے۔ (مسند احمد

حدیث نمبر 24855- شفا عیاض باب تواضعہ- شرح الزرقانی علی المواھب جلد 4 ص 264)

# اخلاق عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

☆ حضرت مفتی فضل الرحمٰن صاحب کہتے ہیں۔ کہ میں گورداسپور سے ایک خط لے کر حضرت مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہوا۔ گرمی کا موسم تھا۔ اور میں سخت دھوپ میں آیا۔ رات کو بھی میں سو نہ سکا تھا۔ حضرت مسیح موعود نیچے کے کمرے میں تشریف فرما تھے۔ میں جب پہنچا تو آپ خط لے کر میرے لئے شربت لینے تشریف لے گئے۔ گرمی اور کوفت کی وجہ سے میں اونگھ گیا۔ اور وہیں لیٹ گیا۔ تھوڑی دیر کے بعد کیا دیکھتا ہوں۔ حضرت کے ہاتھ میں پنکھا ہے۔ میں اٹھ بیٹھا اور بہت ہی شرمندہ ہوا۔ فرمایا تھکے ہوئے تھے سو جاؤ اچھا ہے میں نے عذر کیا۔ پھر آپ نے وہ شربت دیا۔ اور میں پی کر گھر چلا آیا۔

(سیرۃ مسیح موعود صفحہ 338)

حضرت قاضی ظہور الدین اکمل صاحب بیان کرتے ہیں۔

☆ حافظ ابراہیم صاحب کھڑکی کے پاس بیٹھ رہتے۔ (یہ کھڑکی وہ ہے۔ جو بیت الفکر سے بیت الذکر میں آنے کے لئے ہے) حضرت مسیح موعود جب تشریف لاتے تو سب سے پہلے یہ ضرور لباس مبارک پر ہاتھ پھیر کر برکات لوٹ لیتے۔ حضور کبھی منع نہ فرماتے۔

☆ ایک روز شیخ رحمت اللہ صاحب و دیگر احباب لاہور سے تشریف لائے۔ تو طبیعت ناساز تھی۔ فرمایا اندر ہی آ جاؤ۔ (حضور اس وقت اس کمرے میں تھے جس کا دروازہ بیت الفکر میں کھلتا ہے) میں بھی ساتھ ہی چلا گیا۔ حضرت مسیح موعود ایک پلنگ پر تشریف فرما تھے۔ جو اتنا چوڑا تھا۔ جتنی بالعموم چارپائیاں ہوتی ہیں۔ (یہ پلنگ حضور کی تمام ضروریات تصنیف و تالیف کا کام دیتا تھا۔ اس لئے وہ لمبا چوڑا بنوایا تھا) اس کے سرہانے ایک چھوٹا سا میز تھا۔ اس پر بتیاں بہت سی پڑی تھیں۔ (حضور موم بتی کی روشنی کرتے۔ اور ایک ہی وقت کئی بتیاں روشن کر لیا کرتے تھے۔ تا کہ کافی روشنی ہو۔ ایک دوات تھی۔ جس کے گرد غالباً مٹی تھپی ہوئی تھی۔ (یہ ایک رکابی میں رکھ کر اس کے اردگرد مٹی لگا دی گئی تھی۔ تا کہ گر نہ پڑے) لوگ بے تکلفی سے جہاں کسی کو جگہ ملی بیٹھ گئے۔ کوئی چارپائی پر کوئی صندوق پر کوئی ٹرنک پر کوئی دہلیز پر کوئی فرش پر دیر تک ہم بیٹھے رہے۔ اور حضور کے کلمات طیبات سے شادکام ہوتے رہے۔ کمرہ میں بالکل سادگی تھی۔ کوئی فرش نہ تھا۔ نہ مکلف سامان بلکہ میں نے دیکھا کہ رضائی بھی پھٹی ہوئی تھی۔ اس کی روئی مجھے نظر آ رہی تھی۔

(سیرۃ مسیح موعود صفحہ 339)

## یوم مسیح موعود

امراء اضلاع صدر صاحبان اور مربیان و معلمین سلسلہ کی خدمت میں گزارش ہے کہ "یوم مسیح موعود" کی مناسبت سے جماعتوں میں پروگرام منعقد کر کے احباب جماعت کو معلومات بہم پہنچائیں اور اپنی رپورٹ ارسال فرما کر ممنون فرماویں۔

(ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ)

## حسن کارکردگی مجالس انصاراللہ پاکستان

سال 2002ء۔ 1381 ہش میں زعمائے اعلیٰ اور زعماء مقامی مجالس انصار اللہ پاکستان میں حسن کارکردگی کے لحاظ سے علم انعامی کی حقدار پہلی دس مجالس کی فہرست حضور کی خدمت میں منظوری کے لئے بھجوائی گئی تھی جسے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے منظور فرما لیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سب کے لئے یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ آمین۔

☆ مجلس انصاراللہ ٹاؤن شپ لاہور

اوّل اور علم انعامی کی حقدار

☆ مجلس انصاراللہ دارالسلام لاہور دوم

☆ مجلس انصاراللہ بیت النور لاہور سوم

☆ مجلس انصاراللہ مغلپورہ لاہور چہارم

☆ مجلس انصاراللہ دارالذکر فیصل آباد پنجم

☆ مجلس انصاراللہ گلشن جامی کراچی ششم

☆ مجلس انصاراللہ ڈرگ روڈ کراچی ہفتم

☆ مجلس انصاراللہ ڈرگ کالونی کراچی ہشتم

☆ مجلس انصاراللہ ربوہ نہم

☆ مجلس انصاراللہ محمود آباد کراچی دہم

(قائد عمومی مجلس انصاراللہ پاکستان۔ ربوہ)

## مکرم بشیر احمد حیات صاحب

## وفات پاگئے

مکرم بشیر احمد حیات صاحب آف لندن مورخہ 8 مارچ 2003ء کو 82 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ آپ کا جنازہ مورخہ 12 مارچ بروز بدھ بعد نماز ظہر و عصر بیت الفضل میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ

باقی صفحہ 7 پر

# تاریخ احمدیت منزل بہ منزل

مرتبہ ابن رشید

## دین اور انسانیت کی خدمت کا سفر

## 1976ء (1)

2 جنوری حضور نے وقف جدید کے لئے احباب کو اعزازی وقف کی تحریک فرمائی یعنی احباب 3,3 ماہ مرکز میں رہ کر دینی تعلیم حاصل کریں۔ نیز حضور نے جلسہ سالانہ کے لئے بیرکوں کی تعمیر کا ارشاد فرمایا۔

6 جنوری نائیجیریا کی BP سٹیٹ میں احمدیہ سیکنڈری سکول کا قیام۔

8 تا 10 جنوری جماعت غانا کا 50 واں جلسہ سالانہ۔ 20 ہزار افراد کی شرکت۔

29 جنوری چنڈی گڑھ بھارت میں چیف جسٹس پنجاب اور دیگر سرکردہ افراد کو احمدیہ لٹریچر کا تحفہ۔

29 جنوری تا یکم فروری انڈونیشیا کا 25 واں جلسہ سالانہ

جنوری غانا کے ایک احمدی یوسف علی صاحب کو ملک کے تجارتی اداروں کا چیئرمین مقرر کیا گیا۔

یکم تا 7 فروری جماعت نے ہفتہ قرآن مجید منایا۔

4 فروری ربوہ میں حافظ کلاس کا نام تبدیل کر کے مدرسۃ الحفظ رکھا گیا۔

15 فروری مجالس خدام الاحمدیہ پاکستان کا ملک بھر میں مثالی وقار عمل۔

19 فروری غانا کی بین الاقوامی تجارتی نمائش میں جماعت کا سٹال لگایا گیا۔

23 تا 25 فروری جامعہ احمدیہ کے زیر اہتمام سیمینار بعنوان مشرقی افریقہ۔

28,29 فروری برانگ آہافو غانا کی سالانہ ریجنل کانفرنس کا انعقاد۔

4 مارچ حضور نے صدر انجمن احمدیہ کے زیر اہتمام تعمیر ہونے والے گیسٹ ہاؤس کا افتتاح فرمایا۔ اس کا نام سرائے محبت رکھا گیا۔

8 مارچ وزیراعلیٰ پنجاب (بھارت) گیانی ذیل سنگھ کی قادیان آمد۔

12 تا 14 مارچ ربوہ میں 5 واں گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹ۔

13 مارچ لیگوس میں نائیجیریا کی 26 ویں مجلس شوریٰ۔ 140 نمائندگان کی شرکت۔

15 مارچ گورنمنٹ جامعہ نصرت برائے خواتین ربوہ کا جلسہ تقسیم اسناد۔ سیدہ عابدہ حسین ایم پی اے مہمان خصوصی تھیں۔

26 تا 28 مارچ جماعت کی 57 ویں مجلس مشاورت۔ نمائندگان کی تعداد 564 تھی آخری اجلاس میں فقہ احمدیہ کی تدوین کے متعلق تاریخی قرارداد پاس کی گئی۔

مارچ سیرالیون کا 27 واں جلسہ سالانہ۔ بمقام بو۔

10,11 اپریل کیرالہ بھارت میں صوبائی کانفرنس۔

11 اپریل مجلس انصاراللہ مرکزیہ کا یک روزہ سالانہ اجتماع بمقام ایوان محمود۔

16,17 اپریل گیمبیا کا جلسہ سالانہ۔

1 تا 29 اپریل خدام الاحمدیہ کی 3?ویں سالانہ مرکزی تربیتی کلاس۔ حضور نے افتتاحی خطاب فرمایا۔

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

# عالم روحانی کے لعل و جواہر (نمبر 246)

## عیدین سے بھی افضل اور مبارک دن

سیدنا حضرت بانی سلسلہ احمدیہ نے 28 اگست 1904ء کو لاہور میں ڈیڑھ ہزار سے زیادہ مجمع سے ایک پرمعارف خطاب کیا جس کے دوران طریقت وحقیقت کے اس روحانی نکتہ پر دلنشین انداز میں روشنی ڈالتے ہوئے فرمایا:-

''سب صاحب یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے (دین حق) میں ایسے دن مقرر کئے ہیں کہ وہ دن بڑی خوشی کے دن سمجھے جاتے ہیں اور ان میں اللہ تعالیٰ نے عجیب عجیب برکات رکھی ہیں۔ منجملہ ان دنوں کے ایک جمعہ کا دن ہے۔ یہ دن بھی بڑا ہی مبارک ہے۔ لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو جمعہ ہی کو پیدا کیا اور اسی دن ان کی توبہ منظور ہوئی تھی اور بھی بہت سی برکات اور خوبیاں اس دن کی ماثور ہیں۔ ایسا ہی (دین) میں دو عیدیں ہیں۔ ان دونوں دنوں کو بھی بڑی خوشی کے دن مانا گیا ہے اور ان میں بھی عجیب عجیب برکات رکھی ہیں لیکن یاد رکھو کہ یہ دن بیشک اپنی اپنی جگہ مبارک اور خوشی کے دن ہیں۔ لیکن ایک دن ان سب سے بھی بڑھ کر مبارک اور خوشی کا دن ہے مگر افسوس سے دیکھا جاتا ہے کہ لوگ نہ تو اس دن کا انتظار کرتے ہیں اور نہ اس کی تلاش ورنہ اگر اس دن برکات اور خوبیوں سے لوگوں کو اطلاع ہوتی یا وہ اس کی پرواہ کرتے تو حقیقت میں وہ دن ان کے لئے بڑا ہی مبارک اور خوش قسمتی کا دن ثابت ہوتا اور لوگ اسے غنیمت سمجھتے۔

وہ دن کونسا دن ہے جو جمعہ اور عیدین سے بھی بہتر اور مبارک دن ہے؟ میں تمہیں بتاتا ہوں کہ وہ دن **انسان کی توبہ کا دن ہے جو ان سب سے بہتر ہے اور ہر عید سے بڑھ کر ہے کیوں؟ اس لئے کہ اس دن وہ بداعمال نامہ جو انسان کو جہنم کے قریب کرتا جاتا ہے اور اندر ہی اندر غضب الٰہی کے نیچے اسے لا رہا تھا دھو دیا جاتا ہے اور اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ حقیقت میں اس سے بڑھ کر انسان کے لئے اور کونسا خوشی اور عید کا دن ہوگا جو اسے ابدی جہنم اور ابدی غضب الٰہی سے نجات دیدے۔** توبہ کرنے والا گنہگار جو پہلے اللہ تعالیٰ سے دور اور اس کے غضب کا نشانہ بنا ہوا تھا۔ اب اس کے فضل سے اس کے قریب ہوتا اور جہنم اور عذاب سے دور کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا (۔) (البقرہ:223) بیشک اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور ان لوگوں سے جو پاکیزگی کے خواہاں ہیں پیار کرتا ہے۔ اس آیت سے نہ صرف یہی پایا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں کو اپنا محبوب بنالیتا ہے۔ بلکہ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ حقیقی توبہ کے ساتھ حقیقی پاکیزگی اور طہارت شرط ہے۔ ہر قسم کی نجاست اور گندگی سے الگ ہونا ضروری شرط ہے، ورنہ نری توبہ اور لفظ کے تکرار سے تو کچھ فائدہ نہیں ہے۔ پس جو دن ایسا مبارک دن ہو کہ انسان اپنی بدکرتوتوں سے توبہ کر کے اللہ تعالیٰ کے ساتھ سچا عہد صلح باندھ لے اور اس کے احکام کے لئے اپنا سر خم کر دے تو کیا شک ہے کہ وہ اس عذاب سے جو پوشیدہ طور پر اس کے بدعملوں کی پاداش میں تیار ہو رہا تھا، بچایا جاوے گا اور اس طرح پر وہ چیز پالیتا ہے جس کی گویا اسے توقع اور امید ہی نہ رہی تھی''۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 116)

## صادق اور وفادار مرید

## مجسم نشان صداقت

حضرت مسیح موعود نے زمانہ مسیحیت کی ضخیم ترین اور لاجواب اور جامع کتاب حقیقۃ الوحی کے صفحہ 238 میں تحریر فرمایا ہے کہ:-

''پنجاب اور ہندوستان سے ہزارہا سعید لوگوں نے میرے ہاتھ پر بیعت کی ہے۔ اور ایسا ہی سرزمین ریاست امیر کابل سے بہت سے لوگ میری بیعت میں داخل ہوئے ہیں اور میرے لئے یہ عمل کافی ہے کہ ہزارہا آدمیوں نے میرے ہاتھ پر اپنے طرح طرح کے گناہوں سے توبہ کی ہے اور ہزارہا لوگوں میں **بعد بیعت میں نے ایسی تبدیلی پائی ہے کہ جب تک خدا کا ہاتھ کسی کو صاف نہ کرے ہرگز ایسا صاف نہیں ہوسکتا اور میں حلفاً کہہ سکتا ہوں کہ میرے ہزارہا صادق اور وفادار مرید بیعت کے بعد ایسی پاک تبدیلی حاصل کر چکے ہیں کہ ایک ایک فرد ان میں بجائے ایک ایک نشان کے ہے۔** اگرچہ یہ درست ہے کہ ان کی فطرت میں پہلے ہی سے ایک مادہ رشد اور سعادت کا مخفی تھا مگر وہ کھلے طور پر ظاہر نہیں ہوا جب تک انہوں نے بیعت نہیں کی۔ غرض خدا کی شہادت سے ثابت ہے کہ پہلے میں اکیلا تھا اور میرے ساتھ کوئی جماعت نہ تھی''۔

پباشر آغا سیف اللہ پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

